[Sample School/Home Newsletter Insert]

CAHSEE کے بارے میں معلومات

CAHSEE دیتے وقت مدد کے طالب طلبا کے لئے کیا اقدامات کئے جاتے ہیں ؟

تمام کیلفورنیا پبلک اسکولوں کے طلبا کو ہائی اسکول ڈپلوما حاصل کرنے کے لئے CAHSEE کی شرط اور تمام دیگر مقامی اور ریاستی شرائط کو پورا کرنا لازم ہے۔ CAHSEE کی شرظ کو پورا کرنے کے لئے طلبا امتحان پاس کریں یا، معزور ہونے کی صورت میں، طلبا کیلفورنیا *تعلیمی کوڈ* سیکشن سی 60851 کے تحت ایک مقامی بریت حاصل کریں یا پھر *تعلیمی کوڈ سیکش* 60852.4 کے تحت مستثنی[i] ہوں۔

CAHSEE کے Title 5 قوانین مختلف طلبا کے گروپوں کے لئے مختلف امتحانوں کی اقسام بتاتے ہیں: تمام طلبا، اہل طلبا، انگریزی سیکھنے والے طلبا، اور معزور طلبا۔ CAHSEE کے قوانین کیلیفورنیا محکمہ برائے تعلیم (California Department of Education) یا (CDE) کی ویب سائٹ http://www.cde.ca.gov/ta/tg/hs/admin.asp پر دستیاب ہیں۔

.

تمام طلبا کے لئے امتحان کی اقسام

امتحان کے وقت اضافی وقت، امتحان کی کاپی پر نشان اور ہدایات کو سادہ اور شفاف بنانا CAHSEE کی ان ذرائع میں شامل ہیں جو تمام طلبا کو میسر ہوں گی۔

اہل طلبا کے لئے امتحان کی اقسام

باقاعدگی سے امتحان کی اقسام کو استعمال کرنے والے طلبا کے لئے جو سہولیات میسر ہیں ان میں خاص اور مانوس ہونے والا فرنیچر، خاص روشنی یا آواز، یا پھر کمرے میں اکیلے امتحان دینا شامل ہیں۔

انگریزی سیکھنے والے طلبا کے لئے امتحان کی اقسام

انگریزی سیکھنے والوں کو CAHSEE خاص تبدیلیوں کے ساتھ دینے کی اجازت ہونی چاہیئے بشرطیکہ وہ کلاس کے کمرے میں باقاعدگی سے استعمال ہو رہی ہوں۔ مثال کے طور پر طلبا کو اپنی مادری زبان میں امتحان کی ہدایات سننے کی یا لغت استعمال کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے اگر وہ کلاس میں باقاعدگی سے استعمال ہو رہی ہوں۔
جو طلبا انگریزی سیکھ رہے ہوں ان کے لئے دسویں گریڈ میں تمام دوسرے دسویں گریڈ کے طلبا کے ساتھ CAHSEE دینا ہے ۔ کیلیفورنیا اسکول کے پہلے 24 مہینوں میں ان کو 6 ماہ کی انگریزی میں پڑھائی، لکھائی اور سمجھ بوجھ کی رہنمائی حاصل کرنا ہوتی ہے (تعلیمی کوڈ سیکشن 60852)۔ اس دوران بھی ان کے لئے CAHSEE دینا ضروری ہے۔

معزور طلبا کے لئے گنجائش

گنجائش سے مراد امتحان کے ماحول یا سلسلے میں ایسی تبدیلی لانا ہے جو CAHSEE کی پیمائش یا سکور کے موازنہ کرنے کے عمل کو تبدیل نہ کرتی ہو۔ CAHSEE گنجائشوں کی امثال میں Braille transcription کا استعمال، حساب کے امتحان کو طالبعلم کو پڑھ کر یا CD کے ذریعہ ذبانی بتانا، اور اسکول کے اوقات کے بعد امتحان کو ختم کرنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی شامل ہیں۔
CAHSEE کے قوانین میں یہ گنجائش اور تبدیلی موجود ہے جس کی معزور بچوں کو مخصوص امتحان یا کلاس میں رہنمائی اور اہلیت کی پیمائش میں اجازت ہو اگر وہ طالبعلم کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا CAHSEE میں استعمال کے لئے سیکشن 504 میں درج ہو۔

جو طلبا گنجائش کا استعمال کریں اور 350 نمبر لیں، وہ پاس کہلائیں گے۔

معزور طلبا کے لئے ترامیم

ترمیم سے مراد امتحان کے طریقہ میں ایسی تبدیلی لانا ہے جو بنیادی طور پر CAHSEEکے ناپنے کے عنصر یا سکور کے موازنہ کرنے کے عمل کو تبدیل کرتی ہو۔ CAHSEE کی ترامیم کی امثال میں حساب کے امتحان میں کیلکولیٹر کا استعمال، انگریزی زبان کے امتحان کو طالبعلم کو پڑھ کر یا CD کے ذریعہ زبانی بتانا، یا طالبعلم کو امتحان کے سوالات بتانے کے لئے Manually Coded English یا American Sign Language کا استعمال کرنا شامل ہیں۔

CAHSEE کے قوانین میں یہ گنجائش اور ترمیم موجود ہیں جن کی معزور بچوں کو مخصوص امتحان یا کلاس میں رہنمائی اور اہلیت کی پیمائش میں اجازت ہو اگر وہ طالب علم کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا CAHSEE میں استعمال کے لئے سیکشن 504 منصوبہ میں درج ہوں۔

جو طلبا ترامیم کو استعمال کریں اور CAHSEE کے ایک یا دونوں حصوں میں پاس کرنے کے اسکور کے برابر نمبر حاصل کریں، وہ پاس نہیں کہلائیں گے۔ مگر وہ مقامی اسکول بورڈ سے CAHSEE کی شرط کی معزولی کے اہل ہو سکتے ہیں۔ طالبعلم کے والدین یا سرپرست اسکول کے پرنسپل سے اپنے طالبعلم کی طرف سے معزولی پیش کرنے کی درخواست کریں۔

امتحان میں تبدیلی، گنجائش، ترمیم یا معزولی کے عمل کے بارے میں مزید معلومات CDE کی ویب سائٹ http://www.cde.ca.gov/ta/tg/hs/accmod.asp پر پائی جا سکتی ہیں یا اس کے لئے اپنے مقامی اسکول یا اسکول کے ضلع سے رابطہ کریں۔